SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

نمبر ۲	مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۴ ذی الحجہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۴۲ء	جلد ۵۵

حصہ دوم

احکام اجلاس عالیہ مرتبت منسٹرز و سکریٹریز صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲ و ۳
۲	نقشہ تعدادات عدالت العالیہ ہائی کورٹ رامپور	۳
	حکم کیلنگ صاحب چیف پبلک کمانڈنٹ بہادر	۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

منظوری اشاعت

۳ جنوری ۱۹۴۲ء

ایک قطعہ اعلان شمولہ ہذا کی گزٹ ریاست میں شائع کئے جانیکی منجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دار الانشار کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر۔

اعلان

باستعمال اختیارات مخولہ قاعدہ ۹۴(۱) تحتی قاعدہ (۱)

قواعد تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ خود حرکت کرنیوالی مشینری کے پرزے (Automobile Spare parts) یا انکی قیمت فروخت جو میسرس انڈیا گیراج لمیٹیڈ سنڈہرسٹ برج بمبئی Messrs. India Garage Limited Sandhurst Bridge, Bombay کے قبضہ میں منجانب فرم Messrs. Bussing Nag Vereinigte Nutzkraftwagen A.G. Braunschweig, Germany. ہے اور جسکو دشمن قرار دیدیا گیا ہے وہ جملہ پرزے یا انکی قیمت فروخت محافظ مال غنیم برطانوی ہند کے سپرد کر دیے گئے ہیں۔

منظوری اشاعت

۳ جنوری ۱۹۴۲ء

اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست میں شائع ہونیکی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل اعلان ہذا کی بغرض اشاعت گزٹ مطبع کو بھیجی جائے بعد اجرائے احکام اصل کاغذات محکمہ دار الانشار کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر۔

اعلان

ہرگاہ کہ ملک معظم شہنشاہ قیصر ہند اور ملک بلغاریہ کے مابین جنگ کا اعلان ہو گیا ہے لہذا گورنمنٹ رامپور ملک بلغاریہ کو ملک غنیم قرار دیتی ہے اور حکم دیتی ہے کہ جملہ احکام قانون تحفظ ہند ریاست رامپور کا اطلاق ملک مذکورہ بالا اور اس کے باشندگان سے ہوگا۔

منظوری اشاعت

۸ر جنوری ۱۹۴۲ء

دو قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات بعد اجراء احکام محکمہ دارالانشار کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

....

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۱۰ کے بجائے قاعدہ ۱۰ کا اندراج بعبارت مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۹-۵۰-او آر-۴۰ مورخہ ۹ر جولائی ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کو آرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۹۲-ب کے بعد قاعدہ ۹۲-ج کی ایزادی بمضمون مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۹-۵۸-او آر-۴۴ مورخہ ۱۲ر جولائی ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کو آرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے۔

منظوری اشاعت

۸ر جنوری ۱۹۴۲ء

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانیکی منجانب گورنمنٹ رامپور منظوری دیجاتی ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اصل کاغذات بعد اجراء احکام محکمہ دارالانشار کو واپس بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

باستعمال اختیارات تحت دفعہ ۲ قانون رجسٹری باشندگان ممالک غیر ریاست رامپور ۱۹۳۹ء گورنمنٹ رامپور "باشندگان ممالک غیر کی بابتہ رجسٹری سے مستثنیٰ کرنیکا حکم ۱۹۳۹ء" مندرجہ گزٹ سرکاری جلد ۲۲ مورخہ ۲۳ر ستمبر ۱۹۳۹ء میں حسب ذیل ترمیم منظور کرتی ہے۔

فقرہ (۳) کے ضمن (ھ) میں الفاظ "پیدائش کا شخص ہو" کے بعد الفاظ "علاوہ ملک چین کے" ایزاد کئے جاویں۔

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور من ابتدائے ۴ جنوری ۱۹۴۲ء لغایۃ ۱۰ جنوری ۱۹۴۲ء برائے اشاعت اسٹیٹ گزٹ بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ پریس مرسل ہو۔

واقع ۵ جنوری ۱۹۴۲ء
دستخط عالیمرتبت جناب چیف جسٹس بہادر۔

تاریخ	روز	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	جمعہ	تعطیل جمعہ			
[illegible]	شنبہ	عالیمرتبت جناب مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	رجنی چند وغیرہ بنام مسماۃ رکمن	اجراء	بنام مقروض ہو۔ ڈگری دار جدا جدا عذرات سے تجویز ہائے [illegible] بنام طلب کا داخل کرے مسل بتاریخ [illegible] جنوری ۱۹۴۲ء کو پیش ہو
ایضاً	ایضاً	عالیمرتبت جناب مسٹر ارشاد اللہ خاں صاحب بہادر چیف جسٹس۔	جلدیو بنام شانتی پرشاد	نگرانی دیوانی خفیفہ	بحث سماعت ہوئی مسل بغرض تجویز رہے۔
[illegible]	[illegible]	عالیمرتبت مسٹر جسٹس معین الدین صاحب بہادر انصاری۔	جگدیش سرن وغیرہ بنام دیوکی نندن وغیرہ	اجراء	تعمیل کافی ہے طلبانہ داخل کیا جائے اور نوٹس شرائط نیلام تعین ۱۲ جنوری ۱۹۴۲ء جاری ہوں۔
ایضاً	ایضاً	ایضاً	ہرن بنام حامد میاں وغیرہ	اپیل اول دیوانی	حسب تصفیہ باہمی [illegible] جنوری ۱۹۴۲ء اپیل ہذا فیصل ہو خرچہ فریقین ذمہ فریقین رہے۔
[illegible]	[illegible]	ایضاً	رادھے موہن لال وغیرہ بنام رامچندر وغیرہ	اجراء	بانفذ طلبانہ نوٹس شرائط نیلام بحکم [illegible] فروری ۱۹۴۲ء جاری ہوں۔
ایضاً	ایضاً	عالیمرتبت مسٹر جسٹس چودھری شرف الزمان صاحب بہادر	مسماۃ [illegible] بنام [illegible]	اپیل اول دیوانی	اپیل ہذا نامنظور ہو خرچہ حالت مطلوب عائد ہو۔
[illegible]	[illegible]	تعطیل عید غدیر۔			
[illegible]	[illegible]	تعطیل بسلسلہ تشریف آوری اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم۔			

حکم ایکٹنگ صاحب چیف کمانڈنٹ بہادر

اعلان

رامپور اسٹیٹ فورسیز میں آٹھ کس انگلش کلرک درکار ہیں۔ جنکو مندرجہ ذیل شرح کے مطابق تنخواہ دیجائیگی

۱۔ تنخواہ رینک سپاہی ۱۲ روپیہ ماہوار

۲۔ گریڈ پے ۶ روپیہ

اوسط ۱۸ روپیہ ماہوار

اُمیدواران کا انٹرمیں پاس ہونا ضروری ہے ٹائپ جاننے والوں کو ترجیح دیجائیگی۔ اُمیدواران ریاست کے دفاتر کے کام سے واقف ہوں تو زیادہ بہتر ہے۔ دیگر اُمیدواران کے مقابلہ میں انکو پہلے موقعہ دیا جائیگا۔ درخواستیں معہ نقول اسناد ۲۰ جنوری ۱۹۴۲ء تک آرمی ہیڈ کوارٹرز میں اندرون اوقات دفتر دستی پیش کیجائیں۔

دستخط ایکٹنگ صاحب چیف کمانڈنٹ بہادر